**2025-03-01**

**Hrs 08.30**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

-1 وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں، زراعت اور دیہی خوشحالی پر، بجٹ کے بعد کے ویبینار سے خطاب کریں گے۔

-2 وزیر اعظم نے قومی راجدھانی میں، صوفی موسیقی فیسٹیول جہانِ خسرو میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ صوفی روایت نے بھارت میں، اپنی ایک منفرد شناخت قائم کی ہے۔

-3 مرکز نے پاسپورٹ ضابطوں میں ترمیم کی ہے، جس کے تحت یکم اکتوبر 2023 کو یا اُس کے بعد پیدا ہونے والے، پاسپورٹ درخواست دہندگان کے لیے پیدائشی سر ٹیفکیٹ، تاریخ پیدائش کا واحد ثبوت قرار دیا گیا ہے۔

-4 امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس اور یوکرین کے درمیان فوری جنگ بندی کے لیے کہا ہے۔ انہوں نے یوکرین کے صدر کو خبردار کیا ہے کہ وہ یا تو امن قائم کرے یا امریکی مدد سے محروم ہو جائیں۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان گرما گرمی بھی ہوئی۔

-5 ٹینس میں **Yuki Bhambri** اور آسٹریلیا کے اُن کے جوڑی دار **Alexei Popyrin**، دبئی چیمپئن شپ کے، مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں داخل ہو گئے ہیں۔

-6 اور **ICC** چیمپئنس ٹرافی میں، آسٹریلیا اور افغانستان کے درمیان گروپ **B** کے تحت کھیلا گیا میچ / بارش کی نذر ہوجانے کی وجہ سے آسٹریلیا نے سیمی فائنلز میں جگہ بنالی ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM Agriculture Webinar**

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں زراعت اور دیہی خوشحالی سے متعلق بجٹ کے بعد کے ایک روزہ ویبنار سے ورچوئل وسیلے سے خطاب کریں گے۔ ویبنار کا مقصد 2025 کے بجٹ اعلانات کے موثر نفاذ کے لیے متعلقہ فریقین کو ایک مرکوز تبادلہ خیال میں شامل کرنا ہے۔ ویبنار میں زرعی ترقی اور دیہی خوشحالی پر توجہ مرکوز کی جائے گی تاکہ بجٹ میں بیان کردہ ویژن کو عملی شکل دینے کے لیے باہمی اشتراک پر مبنی نقطۂ نظر کو یقینی بنایا جا سکے۔ ویبنار میں سبھی مرکزی وزراء شامل ہوں گے۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان آج دوپہر اس پروگرام میں اپنے نظریات پیش کریں گے۔

ویبنار کا مقصد مختلف نظریات کو یکجا کرنے اور مذاکرات کی سہولت فراہم کرنا ہے نیز مقررہ اہداف کے حصول کے لیے بروقت اور مربوط اقدامات کو یقینی بنانا ہے۔x

## Centre Wheat

مرکز نے، ریاستوں اور اپنے زیر انتظام علاقوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ گیہوں اور دھان کی، مارکٹنگ سیزن میں زیادہ سے زیادہ سرکاری خرید کا، پہلے سے سرگرم طریقہ اپنائیں۔ یہ بات صارفین امور، خوراک اور تقسیم عامہ کی وزارت کے سکریٹری نے، بہت سی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے، خوراک کے سکریٹریز کے ساتھ میٹنگ کے دوران کہی۔

میٹنگ میں، سرکاری خرید پر اثر انداز ہونے والے مختلف عوامل جیسے، موسم سے متعلق پیشگوئی، پیداوار کے تخمینوں اور سرکاری خرید سے متعلق کارروائی کے لیے ریاستوں کی تیاری کا جائزہ لیا گیا۔

میٹنگ میں تبادلہئ خیال کے بعد ربیع کے مارکٹنگ سیزن 2025-26 میں گیہوں کا، 310 لاکھ میٹرک ٹن سرکاری خرید کا تخمینہ ہے۔

اسی طرح خریف مارکٹنگ سیزن 2024-25 میں، دھان کی سرکاری خرید کا، 70 لاکھ میٹرک ٹن کا تخمینہ ہے۔×

## PM NXT Conclave

وزیر اعظم جناب نریندر مودی آج نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں NXT کانکلیو میں شرکت کریں گے۔ پروگرام کے دوران چینل نیوز X ورلڈ کا بھی آغاز کیا جائے گا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے اس کانکلیو میں سماج کے سبھی طبقوں کے لوگوں کو یکجہت کرنے کے لیے iTV نیٹ ورک اور فاؤنڈیشن کی ستائش کی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ کانکلیو میں بامعنی تبادلہئ خیال کیا جائے گا۔×

## PM Khusrau

وزیر اعظم نریندر مودی نے صوفی روایت کی ستائش کی ہے کہ اِس نے بھارت میں اپنی ایک منفرد شناخت قائم کی ہے۔ انہوں نے صوفی روایت کو بھارت کی مشترکہ وراثت قرار دیا اور اس کے، تکثیریت کے پیغام پر صوفیوں کو سراہا۔ جناب مودی کل شام نئی دلّی میں سندر نرسری کے مقام پر، جہانِ خسرو موسیقی فیسٹیول کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے، جو مشہور صوفی شاعر اور دانشور امیر خسرو کی یاد میں منایا جاتا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کسی ملک کی ثقافت اور تہذیب، اس کے گیتوں اور موسیقی سے مالامال ہوتی ہے۔ انہوں نے جہانِ خسرو کی یہ کہتے ہوئے تعریف کی کہ اِس طرح کی تقریبات ملک کی ثقافت اور آرٹ کے لیے اہم ہیں۔

انہوں نے کہا کہ اِس پروگرام نے لوگوں کے دلوں میں ایک جگہ بنا لی ہے، جو اِس کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔

**S/B - PM Modi on Sufi Events**

وزیر اعظم نے رمضان کی آمد پر، پورے ملک کو مبارکباد دی۔ کہ یہ 25 واں سال ہے کہ یہ عظیم صوفی موسیقی فیسٹیول منعقد کیا جا رہا ہے۔ یہ تقریب کل بھی جاری رہے گی۔

اِس فیسٹیول میں پوری دنیا کے فنکار یکجا ہوتے ہیں۔ اِس فیسٹیول کا اہتمام رومی فاؤنڈیشن کراتی ہے۔ یہ فاؤنڈیشن مشہور فلمساز مظفر علی نے قائم کی تھی اور یہ 2001 سے صوفی موسیقی، شاعری اور رقص کا ایک بڑے پلیٹ فارم کے طور پر کام کر رہی ہے۔×

**Govt Passport Rules**

مرکز نے، پاسپورٹ ضابطوں میں ترمیم کی ہے، جس کے تحت موزوں اتھارٹیز کی طرف سے جاری کردہ پیدائش سر ٹیفکیٹ کو، پاسپورٹ کی درخواست دینے والے اُن لوگوں کی تاریخ پیدائش کا واحد ثبوت قرار دیا گیا ہے، جو یکم اکتوبر 2023 کے بعد پیدا ہوئے ہیں۔ اِس سلسلے میں 1980 کے پاسپورٹ ضابطوں میں ترمیم کرتے ہوئے ایک سرکاری اطلاع نامہ جاری کیا گیا ہے۔

پاسپورٹ ضابطوں میں 2025 کی اِس ترمیم کے تحت، پیدائش اور موت کے رجسٹرار، میونسپل کارپوریشن یا پیدائش اور موت کے رجسٹریشن سے متعلق قانون 1969 کے تحت بااختیار بنائی گئی کسی دیگر اتھارٹی کی طرف سے جاری پیدائش سر ٹیفکیٹ کو ہی، اُن لوگوں کی تاریخ پیدائش کے ثبوت کے طور پر تسلیم کیا جائے گا، جو یکم اکتوبر 2023 کو یا اُس کے بعد پیدا ہوئے ہیں۔

دیگر درخواست دہندگان اپنی متبادل دستاویزات جیسے ڈرائیونگ لائسنس، پین کارڈ، الیکشن فوٹو شناختی کارڈ یا اسکول سے رخصتی کا سر ٹیفکیٹ، تاریخ پیدائش کے ثبوت کے طور پر پیش کر سکتے ہیں۔×

**Uttarakhand Avalance**

اتراکھنڈ میں چمولی ضلعے کے Mana گاؤں کے نزدیک کَل صبح بڑے پیمانے پر برف کے تودے گرنے سے پھنسے ہوئے 33 ورکروں کو باہر نکال لیا گیا ہے۔ BRO کمانڈر آنکور مہاجن نے آکاشوانی کو بتایا کہ ITBP، NDRF، SDRF اور بھارتی فوج کی ٹیمیں، باقیماندہ ورکروں کو باہر نکالنے کیلئے تلاشی کی کارروائیوں میں مصروف ہیں۔ البتہ خراب موسم، اِن کوششوں میں رکاوٹ بن رہا ہے۔ وزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی سے بات کی اور انہیں ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے دہرہ دون میں اسٹیٹ ایمرجنسی کنٹرول روم میں باؤ کارروائیوں کا جائزہ لیا ہے۔ انہوں نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ مرکزی حکومت، ریاستی حکومت اور دیگر ایجنسیاں، پھنسے ہوئے ورکروں کو باہر نکالنے کیلئے جنگی پیمانے پر کام کر رہے ہیں۔ x

**V/C Sakshi Singh**

4 زخمی ورکروں کو ITBP کے فوجی اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ BRO مشینری برف ہٹانے کا کام سرگرمی سے انجام دے رہی ہے اور اگر موسم نے اجازت دی تو بچاؤ کوششوں میں تیزی

لانے کے لیے آج MI-17 ہیلی کاپٹرز کی مدد لی جائے گی۔ تلاش اور بچاؤ کارروائیاں کل دیر شام تک جاری رہیں لیکن شدید برفباری کی وجہ سے بچاؤ مہم کو عارضی طور پر روکنا پڑا۔ وزیراعظم کے دفتر کی طرف سے صورتحال کا باریک بینی سے جائزہ لیا جا رہاہے، تاکہ ضلع انتظامیہ کے لیے ہر ممکن مدد کو یقینی بنایا جا سکے۔

وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی صورتحال کا جائزہ لینے اور افسران کو بچاؤ کارروائیوں میں تیزی لانے کی ہدایت دینے کی غرض سے دو بار آفات سے سے نمٹنے کی کارروائیوں سے متعلق مرکز گئے۔

وزیراعلیٰ نے جوشی مٹھ میں آفات سے متعلق کنٹرول روم قائم کرنے اور بچاؤ کارروائی میں تیزی لانے کے لیے ڈرونز کے استعمال کاحکم دیا۔

دہرہ دون سے ساکشی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں........

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**Rev. Trump Zelensky**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس اور یوکرین کے درمیان فوری جنگ بندی کے لیے کہا ہے اور یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی کو خبردار کیا ہے کہ وہ یا تو امن قائم کرے یا امریکی مدد سے محروم ہو جائیں۔ یہ بیان یوکرین-روس سمجھوتے کے سلسلے میں، دونوں رہنماؤں کے درمیان گرما گرمی کے بعد دیا گیا ہے۔ یہ بات چیت کل رات واشنگٹن میں وہائٹ ہاؤس میں منعقد ایک میٹنگ کے بعد ہوئی تھی۔

Fox نیوز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں زیلنسکی نے کہا کہ یوکرین، روس کے ساتھ اُس وقت تک امن بات چیت شروع نہیں کر سکتا، جب تک کوئی اور حملہ نہ کیے جانے کی گارنٹی نہیں مل جاتی۔

کم یاب زمینی معدنیات اور سلامتی کی گارنٹی کے سلسلے میں ایک سمجھوتے پر دستخط کرنے سے متعلق، امریکہ اور یوکرین کے درمیان بات چیت، اِن دونوں رہنماؤں کے درمیان گرما گرمی کے بعد تعطل کا شکار ہو گئی تھی۔ یہ بات چیت روس کے ساتھ، یوکرین کی سال بھر سے جاری جنگ کے دوران ایک ممکنہ معاہدے پر وسیع تر مذاکرات کے حصے کے طور پر کی جا رہی تھی۔

میٹنگ کے بعد صدر ٹرمپ نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اُن کا یقین ہے کہ روس کے صدر ولادیمیر پتن ایک امن سمجھوتے کے لیے تیار ہیں۔

**S/B - Donald Trump Ceasfire**

اِس سے پہلے بین الاقوامی میڈیا کی موجودگی میں عوامی سطح پر صدر ٹرمپ اور نائب صدر JD Vance نے، صدر زیلنسکی پر لاکھوں زندگیوں کو خطرے میں ڈالنے کا الزام لگایا اور خبردار کیا کہ اُن کی کارروائی سے تیسری عالمی جنگ شروع ہو سکتی ہے۔ یوکرین کے صدر زیلنسکی نے، صدر ٹرمپ کو بتایا کہ جنگ کے حل سے متعلق بات چیت میں صدر پتن کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہیے۔

**S/B - Trump Zelensky**

**Fur. Rev. MP Patel Comptt**

مدھیہ پردیش سرکار نے ایک Reel مقابلے کا آغاز کیا ہے، جس کے تحت مقابلے میں حصہ لینے والوں کو صفائی ستھرائی کے تئیں لوگوں میں بیداری پیدا کرنے و اس کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے لیے ایک مختصر ویڈیو بنانا ہوگا۔ فاتحین کو دو لاکھ روپے تک کے انعامات دیے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C Sanjeev Sharma**

سووچھ ایم پی Reel مقابلے کے بارے میں بتاتے ہوئے ریاستی پنچایت اور دیہی ترقی کے وزیر پرہلاد سنگھ پٹیل نے کہا کہ مقابلے کے شرکاء کو 15 اپریل تک اپنی Reel اپ لوڈ کرنی ہوگی۔ پوری ریاست سے موصول ہونے والی Reels میں سے بہترین پانچ Reels بنانے والوں کو 25 ہزار سے دو لاکھ روپے تک کے انعامات دیے جائیں گے۔

**Byte Prahlad Patel**

سووچھ ایم پی Reel مقابلے کا مقصد صفائی ستھرائی کے تئیں اختراعات کی حوصلہ افزائی کرنا ہے تاکہ دوسرے لوگ بھی ان سے سیکھیں اور کچرے کو قابل استعمال بناکر ماحولیات کو صاف رکھنے میں مدد کریں۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..........

**Byte Prahlad Patel**

**Dehi Rain**

قومی راجدھانی میں آج بادلوں کی گرج اور ہلکی بارش سے صبح کا آغا ہوا۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق، دلی این سی آر اور ملک کی مختلف شمالی ریاستوں میں مغربی سمت سے ہونے والی موسمی تبدیلیوں کے سبب بارش ہو رہی ہے۔

قومی راجدھانی خطے میں موسم کی تبدیلی کے تناظر میں درجۂ حرارت میں بھی کمی آئی ہے۔x

**Dubai Open Tennis Final**

ٹینس میں، بھارتی کھلاڑی Yuki Bhambri اور آسٹریلیائی کھلاڑی Alexei Popyrin کی جوڑی دبئی چیمپئن شپ میں مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ بغیر درجہ بندی کی بھارتی-آسٹریلیائی اس جوڑی نے کل سیمی فائنل میں برطانیہ کے Jamie Murray اور آسٹریلیا کے John Peers کی جوڑی کو چھ-دو، چار-چھ، دس-سات سے شکست دی۔ Bhambri کا اب تک کا یہ پہلا ATP-500 فائنل ہوگا۔

آج شام فائنل میں Bhambri اور Popyrin کا مقابلہ برطانیہ کے Henry Patten اور فن لینڈ کے Harri Heliovaara کی جوڑی سے ہوگا۔×

## ICC Championshions Trophy Cricket

کرکٹ کی ICC چیمپئنس ٹرافی میں، کل پاکستان کے لاہور میں آسٹریلیا اور افغانستان کے درمیان کھیلا گیا، گروپ B کا ایک اہم میچ بارش کی نذر ہو گیا، جس کے بعد آسٹریلیا سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ جیت کے لیے مقررہ 274 رن کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے آسٹریلیا نے 12 اعشاریہ 5 اوورس میں ایک وکٹ پر 109 رن بنائے تھے۔ اس کے بعد شدید بارش کے سبب میچ کو روکنا پڑا اور دونوں ہی ٹیموں کو ایک-ایک پوائنٹ دے دیا گیا۔ اس سے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے افغانستان نے مقررہ 50 اوورس میں 273 رن بنائے تھے۔ آسٹریلیا اب بھارت اور نیوزی لینڈ کے گروپ میں شامل ہو گیا ہے۔ یہ دونوں ٹیمیں پہلے ہی سیمی فائنلز میں پہنچ چکی ہیں۔

گروپ B میں 3 پوائنٹ کے ساتھ افغانستان تیسرے مقام پر ہے۔ آسٹریلیا بہتر رن اوسط کی بنیاد پر 3 پوائنٹ کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔ انگلینڈ ٹورنامنٹ سے باہر ہو گیا۔ ایک بھی میچ نہ جیتنے کے سبب وہ چوتھے مقام پر برقرار ہے۔

آج شام کراچی کے نیشنل اسٹیڈیم میں، گروپ B کے آخری میچ میں جنوبی افریقہ کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ جنوبی افریقہ اگر اس میچ میں جیت حاصل کرے گا یا برابری پر ختم کرلیتا ہے تو وہ سیمی فائنلز میں پہنچ جائے گا۔ البتہ انگلینڈ اگر جنوبی افریقہ سے 207 یا اس سے زیادہ رنوں سے ہار جاتا ہے تو افغانستان سیمی فائنلز میں پہنچ سکتا ہے۔x

## WPL

کرکٹ کے خواتین پریمیر لیگ میں، کل رات بنگلورو کے ایم چنّا سوامی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں ڈیلی کیپیٹلس نے ممبئی انڈینس کو 9 وکٹ سے ہرایا۔ جیت کے لیے مقررہ 124 رن کے ہدف کو ڈیلی کیپیٹلس نے 14 اعشاریہ تین گیندوں میں ایک وکٹ کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ اس جیت کے ساتھ ڈیلی کیپیٹلس پوائنٹ کی فہرست میں پہلے مقام پر پہنچ گئی ہے، جبکہ ممبئی انڈینس دوسرے مقام پر آگئی ہے۔

آج شام ساڑھے سات بجے بنگلورو میں اسی مقام پر ڈیلی کیپیٹلس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔×

## VP Mumbai

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج مہاراشٹر میں، ممبئی کے ایک روزہ دورے پر جائیں گے۔ اپنے دورے کے دوران نائب صدر جمہوریہ KPB ہندو کالج آف کامرس کی 75 سالہ تقریب میں مہمانِ خصوصی ہوں گے۔×

**Luke Anganwadi**

**مجموعی صحت سے متعلق معروف کوچ اور Luke Coutinho ہولسٹک ہیلنگ سسٹمز کے شریک بانی Luke Coutinho نے ایک بہتر صحتمند بھارت کی تشکیل کے لیے موٹاپے کے مسئلے سے نمٹنے کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب کوٹنہو نے موٹاپے کے مسئلے سے نمٹنے کے وزیر اعظم کے ویژن کی حمایت کی اور موٹاپے و طرزِ زندگی سے تعلق رکھنے والی بیماریوں کی روک تھام کے لیے متوازن غذا اور سرگرم طرزِ زندگی اپنانے اور اس سلسلے میں بیداری پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وہ نئی دلّی میں آنگن واڑی مرکز بھی گئے اور پوشن ابھیان کے نفاذ کا بھی مشاہدہ کیا۔ جناب لیوک کا یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے، جب بھارتیہ حکومت سگشم آنگن واڑی اور پوشن 2.0 کے ذریعے تغذیعہ کی کمی کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے عہد بستہ ہے۔×**

**یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔**

**PRESS COMMENTS**

**اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب**

**شکریہ - شبانہ**

**راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے اتراکھنڈ کے چمولی میں برفانی تودے گرنے کے سبب کئی مزدوروں کے پھنسے ہونے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ خبروں کے مطابق کئی مزدوروں کو بچا لیا گیا ہے اور بقیہ کو بچانے کے لیے آپریشن جاری ہے۔**

**روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیراعظم نریندر اور یورپی کمیشن کی صدر ارسلاوان ڈیئر کی ملاقات کو پہلی خبر کے طور پر شائع کیا۔ ملاقات کے دوران اہم امور کا تبادلۂ خیال کیا گیا اور بھارت۔یوروپی تعلقات کی مضبوطی کا عزم کیا گیا۔**

**روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیراعظم نریندر مودی کی جہان خسرو پر پرگرام میں شرکت کی خبر کواجاگر کیا ہے۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں جناب مودی نے عوام کو رمضان المبارک کی مبارک باد دی۔**

**روزنامہ پرتاپ اور ہندوستانی ایکسپریس نے وزیر داخلہ امت شاہ کی دلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا اور دیگر اعلیٰ حکام کے ساتھ میٹنگ کی خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ اس میٹنگ میں قومی راجدھانی میں امن و قانون کی صورتحال اور دیگر مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔**

**روزنامہ راشٹریہ سہارا اور پرتاپ نے بھارتی معیشت میں تیزی کی خبر کو اہمیت دی ہے۔ جن کے مطابق تیسری سہ ماہی میں جی ڈی پی کی شرح چھ اعشاریہ دو فیصد ہوگئی ہے۔**

**روزنامہ ملاپ سمیت کچھ دیگر اخباروں نے عالمی بینک کی ایک رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا ہے کہ 2047 تک بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنانے کے لیے سات اعشاریہ 8 فیصد کی مستقل شرح نمو کی ضرورت ہے۔x**

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں، زراعت اور دیہی خوشحالی پر، بجٹ کے بعد کے ویبینار سے خطاب کریں گے۔

2- وزیر اعظم نے قومی راجدھانی میں، صوفی موسیقی فیسٹیول جہانِ خسرو میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ صوفی روایت نے بھارت میں، اپنی ایک منفرد شناخت قائم کی ہے۔

3- مرکز نے پاسپورٹ ضابطوں میں ترمیم کی ہے، جس کے تحت یکم اکتوبر 2023 کو یا اُس کے بعد پیدا ہونے والے، پاسپورٹ درخواست دہندگان کے لیے پیدائشی سر ٹیفکیٹ، تاریخ پیدائش کا واحد ثبوت قرار دیا گیا ہے۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس اور یوکرین کے درمیان فوری جنگ بندی کے لیے کہا ہے۔ انہوں نے یوکرین کے صدر کو خبردار کیا ہے کہ وہ یا تو امن قائم کرے یا امریکی مدد سے محروم ہو جائیں۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان گرما گرمی بھی ہوئی۔

5- ٹینس میں **Yuki Bhambri** اور آسٹریلیا کے اُن کے جوڑی دار **Alexei Popyrin**، دبئی چیمپئن شپ کے، مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں داخل ہو گئے ہیں۔

6- اور **ICC** چیمپئنس ٹرافی میں، آسٹریلیا اور افغانستان کے درمیان گروپ **B** کے تحت کھیلا گیا میچ / بارش کی نذر ہوجانے کی وجہ سے آسٹریلیا نے سیمی فائنلز میں جگہ بنالی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔